نیشنل فوڈز لمیٹڈ

6-CL /12، کلیر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی - 75530
(ٹیلیفون 021-38402022 - 021-36490029)

اطلاع برائے 51 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل فوڈز لمیٹڈ کا 51 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات، مورخہ 20 اکتوبر 2022 بوقت دوپہر 3:00 بجے چ لگژری ہوٹل، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔ وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ واڈیو لنک شرکت کے خواہش مند ہیں، وہ اس سہولت کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔

عمومی امور:

1۔ کمپنی کے غیر معمولی سالانہ اجلاس عام میں منعقدہ 14 اکتوبر 2021 کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ کمپنی کے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور اس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹوں کے ساتھ ساتھ کمپنی کے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کی مجتمع آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور آڈیٹرز رپورٹوں کی وصولی، ان پر غور و خوض اور عمل۔

3۔ کمپنی کے عمومی حصص پر منافع کی منظوری اور اعلان کرنا۔ ڈائریکٹرز نے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی منافع 100% (5/- روپے فی عمومی حصص پر 5 روپے) کی تجویز دی ہے۔

4۔ اگلے سال کے لیے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کے تقرر کی یقین دہانی اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کارپوریشن، چارٹرڈ اکاؤنٹس کی تقرری کی تجویز بطور ایکسٹرنل آڈیٹر دی ہے۔

خصوصی امور:

5۔ غور و خوض کرنے اور موزوں سمجھے جانے کے لیے درج ذیل دی گئی قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد کی منظوری:

(a) 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشن کی منظوری اور توثیق کے لیے اور (b) اور (c) بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اس بات کا مجاز بنانے کے لیے کہ متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز اور 30 جون 2023 پر ختم ہونے والے سال میں ہونے والی مزید ٹرانزیکشن کی منظوری دے سکیں۔

(a) قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران ذیل میں دی گئی ٹرانزیکشنز جس میں ڈائریکٹرز کی اکثریت دلچسپی رکھتی ہے، کی توثیق کے بعد منظوری دی جاتی ہے۔

ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ - پیرنٹ کمپنی (آبائی کمپنی)
نیشنل فوڈز DMCC - معاون

b) مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اس بات کے مجاز ہیں کہ متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز، جس میں ڈائریکٹرز کی اکثریت دلچسپی رکھتی ہے اور کسی بھی متعلقہ پارٹی سے کی جانے والی ٹرانزیکشن جس میں درج بالا متعلقہ پارٹیز کے نام شامل ہیں، 30 جون 2023 پر ختم ہونے والے سال اور کمپنی کے اگلے سالانہ اجلاس عام تک ہونے والی مزید ٹرانزیکشن کی منظوری دے سکیں۔

c) مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ بورڈ کی جانب سے ٹرانزیکشن کی منظوری جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے حصص داران سے منظور شدہ سمجھا جائے گا جبکہ 30 جون 2023 پر ختم ہونے والے سال کی ٹرانزیکشنز کو اگلے سالانہ اجلاس عام میں ان کی باقاعدہ توثیق / منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔

6۔ غور و خوض کرنے اور موزوں سمجھے جانے کے لیے ترمیم یا ترامیم کے ساتھ تسلیم کرنا کہ ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ (ATCH) اور نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے درمیان ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ (ATCH) لاہور کے احاطے کے استعمال کے لیے کرائے کے معاہدے کی توثیق کو مستحکم کرتے ہوئے درج ذیل کی خاص قرارداد کے طور پر منظوری۔

" قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور کے احاطے کو استعمال کرنے کا معاہدہ کمپنی کی جانب سے اس کی آبائی کمپنی کے ساتھ غیر محدود مدت کے لیے ہوگا جس کی واضح تفصیلات کے بیان میں ٹھوس حقائق پر اس کی تصدیق اور منظوری دی گئی ہے۔"

7۔ غور و خوض کرنے اور موزوں سمجھے جانے کے لیے ترمیم یا ترامیم کے ساتھ تسلیم کرنا کہ درج ذیل قرارداد کو بطور عمومی قرارداد کو رکھتے ہوئے جناب ایم علی مجید کی تقرری کو کمپنی کے منافع کے حصول کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (I) (c) (1) 171 کے تحت تسلیم کیا جائے۔

" مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (I) (c) (1) 171 کے حل کے مطابق ممبران کی رضامندی کے مطابق جناب ایم علی مجید کی تقرری بورڈ کی آٹھ مدت کے لیے کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی حیثیت سے معاوضے، دیگر حقوق اور شرائط و ضوابط کے مطابق ہے جو ڈائریکٹرز کی باہمی رضامندی کے بعد عمل میں لائی جا سکتی ہے اور جس میں وقتاً فوقتاً تبدیلی کی جاتی رہے گی۔"

8۔ دیگر امور کی انجام دہی میں چیئر کی اجازت کے لیے۔

خصوصی بزنس کے لیے ایجنڈا آئٹم نمبر 5، 6، 7 کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق کے سیکشن (3) 134 کے تحت درکار اسٹیٹمنٹس ممبران کو بھیجے جانے والے منسلکہ نوٹس کے ساتھ بھیجے جا رہے ہیں۔

بحکم
فضل الرحمٰن حاجانو
کمپنی سیکریٹری

کراچی
29 ستمبر 2022

نوٹس:

1۔ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں واڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت

کمپنی نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے منظور کردہ اجلاس سے متعلقہ تمام انتظامات کو ممکن بناتے ہوئے عملی اجلاس کے ساتھ ساتھ سالانہ اجلاس عام کو واڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے جاری رکھنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ وہ ممبران / پراکسیز جو سالانہ اجلاس عام میں اس سہولت کے ذریعے شرکت کے خواہشمند ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات فراہم کرتے ہوئے cdcsr@cdcsrsl.com پر اپنا اندراج کروائیں:

شیئر ہولڈر کا نام	کمپنی کا نام	فولیو / سی ڈی سی نمبر	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	موبائل نمبر	اندراج شدہ ای میل ایڈریس

9۔ پوسٹل بیلٹ / ای۔ ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کا انتخاب کا مقصد اور ایجنڈے کا کوئی بھی آئٹم جس کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی ضرورت ہو، بیان کیے گئے ریگولیشنز کے ضوابط کے مطابق ممبرز کو اجازت ہوگی کہ وہ اپنے ووٹ کا حق استعمال کر سکیں جیسے کہ پوسٹ اور ای۔ ووٹنگ۔

10۔ دیگر شہروں میں ویڈیو کانفرنس براہ راست دکھانے کی سہولت

اگر ممبرز کل ادائیگی شدہ سرمائے کا 10 فیصد رکھتے ہوں یا ادائیگی شدہ سرمائے کا ایسا تناسب رکھتے ہوں جو کہ کمیشن نے متعین کیا ہے اور کسی دوسرے شہر کے رہائشی ہوں تو کمپنی ایسے ممبرز کو سالانہ اجلاس عام میں شریک ہونے کے لیے واڈیو لنک کی سہولت مہیا کرے گی۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لیے ممبر کو کمپنی کے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے تحریری طور پر رضامندی دینی ہوگی۔ کمپنی ایسے تمام ممبرز کو جو اس مجموعی اجلاس میں شرکت کے اہل ہوں گے اور اس حوالے سے تمام تر معلومات رکھتے ہوں گے اس سہولت کو حاصل کرنے کے لیے کم از کم 5 دن پہلے اس طے شدہ مقام کے بارے میں آگاہ کرے گی۔

رضامندی برائے واڈیو لنک سہولت :
میں / ہم بحیثیت نیشنل فوڈز۔ ممبر عمومی حصص داران ہیں اور بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر.......... کے 20 اکتوبر 2022 کو ہونے والے عام اجلاس یا واڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے کسی بھی ملتوی شدہ اجلاس..........(کا نام درج کریں) میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔
ممبر کے دستخط: ------------------------ --------

11۔ سالانہ رپورٹ 2022 اور اجلاس کے نوٹس کی تقسیم / ترسیل

30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے عمومی اجلاس کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ تفصیلات کے لیے درج ذیل دیے گئے لنک پر کلک کریں۔

https://nfoods.com/investor-relation:/financial-report/

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6) 223 کے مطابق سالانہ رپورٹ 2022 اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بھی بذریعہ پوسٹ / کوریئر ممبران کو، اور برقی طریقہ کار کے ذریعے ممبران کے ای میل کے ذریعے ان تمام حصص داران کو جن کے ای میل ایڈریس سی ڈی سی یا شیئرز رجسٹرار کے پاس ہیں، ارسال کیا جا رہا ہے۔

ایسے ممبران جو سالانہ رپورٹ اور اجلاس کا نوٹس رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے بجائے بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں تو وہ اپنی رضامندی سے اس مقصد کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود فارم پُر کروانے کے ذریعے کمپنی کی ویب سائٹ پر جمع کروا سکتے ہیں۔

12۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

26 مارچ 2021 کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ خط بحوالہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 میں واضح کردہ ہدایات اور کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 72 کے مطابق تمام فہرست شدہ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ وہ فزیکل صورت میں شیئرز رکھنے والے اپنے تمام شیئرز ہولڈرز کو ہدایات جاری کریں تاکہ وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کر سکیں۔

مذکورہ بالا واضح کی گئی اس اہم ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کے شیئرز ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جلد از جلد وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرلیں۔ فزیکل شیئرز کی انٹری فارم میں تبدیلی سے شیئرز ہولڈرز کو مختلف سہولیات مثلاً شیئرز کا با آسانی خرید و فروخت کے لیے دستیاب ہونا، نقصان یا نقصان کے خطرے کا علم ہونا، فزیکل شیئرز کے مقابلے میں آسان اور محفوظ انداز میں منتقلی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ شیئرز کی تبدیلی سے متعلق تعاون کے لیے شیئر ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے متعلق ضروری ہدایات سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کی درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: https://www.cdcsrsl.com/?jet_download=7429

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3) 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ

یہ اسٹیٹمنٹ 51 ویں سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور کے تمام میٹریل فیکٹس کے ایجنڈا آئٹم نمبر 7،6،5 کے حقائق پر مبنی ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 6

خاص قراردادیں۔ متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین

(a) 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی توثیق اور منظوری۔

منظور شدہ پالیسی کے مطابق (متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین) عمومی کاروباری سطح پر کمپنی ان متعلقہ فریقین کے ساتھ اپنی ضرورت کے مطابق لین دین جاری رکھے گی، فریقین سے تمام تر لین دین کا اندراج کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کے ساتھ کیا جائے گا جس کے سربراہ کمپنی کے آزاد ڈائریکٹر ہوں گے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز کردہ ایسی تمام لین دین پہلے بورڈ کے سامنے ان کی منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کی قراردادوں 2017 (دی کوڈ) کی ایک قرارداد (1) 15 کے مطابق حصص داران کا بھی ایسے فریقین کے ساتھ لین دین کرنے کی منظوری ہونا ضروری ہے، جس میں کمپنی کے زیادہ تر ڈائریکٹرز دلچسپی رکھتے ہوں کمپنیز ایکٹ 2017 (دی ایکٹ) کے تحت بھی تمام حصص داران کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہے جس میں ڈائریکٹرز کی کافی تعداد دلچسپی رکھتی ہو۔

مندرجہ بالا کے مطابق، درج ذیل میں بتائی گئی لین دین، جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے دلچسپی رکھتی ہے، کی تفصیلات عمومی کاروباری نسبت سے متعلقہ فریقین کے ساتھ بہترین روابط کے پیش نظر 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران حصص داران کی منظوری سے پہلے طے پائی گئی ہیں۔

متعلقہ پارٹی کا نام	ریلیشن شپ (تعلق)	لین دین کی نوعیت	رقم روپوں میں '000'	پرائسنگ پالیسی (قیمت کی پالیسی)
ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ	پیرنٹ کمپنی (آبائی کمپنی)	رینٹل انکم (کرائے کی مد میں آمدنی)	3,074	متعلقہ فریقین کے ساتھ بہترین روابط / منظور شدہ معاہدے کے تحت
نیشنل فوڈز ڈی ایم سی سی	سبسڈری کمپنی	سیلز (خالص آمدنی)	2,220,238	متعلقہ فریقین کے ساتھ بہترین روابط / منظور شدہ معاہدے کے تحت

(b) اور (c) میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اور آئندہ سالانہ جنرل اجلاس تک متعلقہ پارٹی سے لین دین کی منظوری دینے کے لیے اختیار پر مشتمل ہے۔

30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے اختتام تک اور اس کے بعد بھی کمپنی متعلقہ فریقین کے ساتھ کاروباری لین دین ترجیحی بنیادوں پر منظور شدہ پالیسی کے مطابق (متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین) عمومی کاروباری سطح پر یا دیگر صورت میں اپنی ضرورت کے مطابق لین دین جاری رکھے۔

ایسے تمام فریقین سے لین دین کہ جن میں ڈائریکٹرز کی مجموعی تعداد اپنی ڈائریکٹرشپ اور یا شیئرز ہولڈنگ کی وجہ سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہوں، کے لیے انچاہی ضروری ہے کہ حصص داران سے منظوری حاصل کی جائے۔ ساتھ ہی، حصص داران کی یہ منظوری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اس بات کا اختیار دیتی ہے کہ وہ ایسے تمام فریقین کے ساتھ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران لین دین کو جاری رکھیں، جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت دلچسپی رکھتی ہے، نہ صرف یہ بلکہ آئندہ سالانہ جنرل اجلاس تک اس طرح کی تمام لین دین جو کہ پہلے سے حصص داران کی جانب سے منظور شدہ ہوں تسلیم کی جائیں گی۔

ان فریقین کے حوالے سے لین دین کے فوائد اور نوعیت ایجنڈا کو (a) میں تفصیل سے بتایا گیا ہے۔ متعلقہ فریقین سے لین دین کی تفصیلات، شیئرز ہولڈرز کی مطلوبہ منظوری 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران آئندہ ہونے والے عام سالانہ اجلاس میں حصص داران کے سامنے ان کی منظوری / توثیق کے لیے رکھی جائیں گی۔

ڈائریکٹرز کی دلچسپی کا انکشاف: جناب ابرار حسن، محترمہ نورین حسن، جناب ایم علی مجید اور جناب زاہد مجید ایجنڈے کی توثیق میں اپنی ذاتی ڈائریکٹرشپس اور / یا متعلقہ فریقین کے ساتھ حصص داری کی وجہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 7

خاص قرارداد یں۔ ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ کرائے کے معاہدے کی منظوری

نیشنل فوڈز لمیٹڈ (NFL) نے ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور کے احاطے کو غیر معینہ مدت تک استعمال کرنے کے لیے کرائے کا معاہدہ ("معاہدہ") کرے گا۔ بورڈ نے 8 ستمبر 2022 کو معاہدے کی منظوری دی اور کمپنی کے ممبران کی جانب سے دوبارہ معاہدے کی منظوری / تصدیق حاصل کرنے کی تجویز پیش کی۔

جیسا کہ ڈائریکٹرز کی اکثریت ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور شیئرز ہولڈنگ رکھنے کی وجہ سے انتظام اور اور اقدامات میں دلچسپی رکھتے ہیں، شیئرز ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 208 کے ضوابط کے مطابق خصوصی قرارداد جاری کر کے نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے معاہدے کی منظوری دیں۔

کمپنیز (متعلقہ پارٹی کی ٹرانزیکشنز اور متعلقہ ریکارڈز کی دیکھ بھال) 2018 کے ضوابط (SRO1194(I)/2018 بتاریخ 2 اکتوبر 2018) کے ضابطہ نمبر 5 کے تحت معلومات کا اعلان / انکشاف:

i) متعلقہ پارٹی کا نام	اے ٹی سی ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
ii) دلچسپی رکھنے والے اور متعلقہ ڈائریکٹرز کے نام؛	- ابرار حسن - ایم علی مجید - نورین حسن - زاہد مجید
iii) تعلق، دلچسپی یا متعلقہ معاملے کی نوعیت کے ساتھ مالیاتی یا دیگر مفاد یا متعلقہ ڈائریکٹرز، منیجرز یا متعلقہ انتظامیہ کے اہم فرد کی مکمل معلومات؛	مشترکہ ڈائریکٹرشپ
iv) ٹرانزیکشنز کی تفصیل، وضاحت، شرائط و ضوابط؛	نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے ملازمین کے لیے دفتر کے احاطے کو کرائے پر لینا
v) ٹرانزیکشنز کی رقم؛	728,550 روپے (فی سہ ماہی)
vi) ٹرانزیکشنز کا دورانیہ یا اوقات کار یا معاہدات یا انتظامات	غیر معینہ مدت
vii) پرائسنگ پالیسی؛	بہترین روابط کی بنیاد پر
viii) آڈٹ کمیٹی کی تجاویز؛	جی ہاں
ix) کوئی بھی دیگر متعلقہ اور ٹھوس معلومات جو متعلقہ پارٹی کی ٹرانزیکشنز کی منظوری سے متعلق شیئرز ہولڈرز کے لیے مکمل باخبر ہو کر فیصلہ کرنے میں ضروری ہو	ایک ہی علاقے کی یکساں املاک کے لیے کرائے کو معیاری رکھا گیا ہے

جانچ: شیئرز ہولڈرز خصوصی کاروبار سے متعلق معاہدے کی جانچ اس نوٹس کے اجراء کی تاریخ سے لے کر میٹنگ کے رجسٹرار آفس میں کاروباری اوقات کار پیر تا جمعہ (صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک) کے دوران کر سکتے ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر۔8

عام قرارداد یں۔ منافع ہولڈنگ آفس

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 8 ستمبر 2022 میں ہونے والے اپنے اجلاس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (I)(1)206 کے تحت جناب ایم علی مجید کو کمپنی کا بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر بحیثیت "چیف گروتھ آفیسر" بین الاقوامی ڈویژن۔ برآمدات کی تقرری کی منظوری دی ہے۔ اس تقرری کی منظوری کمپنی کے ممبرز سے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (I)(c)(1)171 کے تحت دی تھی۔

اس تقرری کی منظوری بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (I)(c)(1)171 کے مطابق عمومی قرارداد کی تجویز دی کہ سالانہ اجلاس عام میں ممبرز سے جناب ایم علی مجید کو بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کمپنی کے منافع کے حصول کے لیے اہل ہیں کی منظوری دی جائے۔

مادی حقائق (میٹریل فیکٹس) اور انکشافات، مذکورہ بالا ایس آر او 423، 2018 کے مطابق درکار پیرا (3)B اور (2)C کے تحت درج ذیل ہیں:

i) ڈائریکٹر کے ماتحت تجارتی دفتر (آفس) کی تفصیلات؛	جناب ایم علی مجید کی کمپنی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کی حیثیت سے ان کی "چیف گروتھ آفیسر" کی بنیاد پر تقرری
ii) ڈائریکٹر کے زیر اہتمام دفتر (آفس) میں سرانجام دینے والے کام کی مختصر تفصیل؛	ا) بورڈ کی حکمت عملی پر عملدرآمد کرنا ب) مجموعی طور پر تمام تر آپریشنز اور وسائل کا انتظام ج) بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ کے مابین رابطے کا اہم مرکز
iii) ڈائریکٹر کا معاوضہ خصوصی یا کسی اور طرح کے معاوضے بشمول دیگر اخراجات / فوائد؛	5 ملین روپے سالانہ اضافہ اور کی ایڈجسٹمنٹس (اگر کوئی ہے)
iv) کمپنی کو ملنے والے فوائد و منافع کا ذمہ دار ڈائریکٹر ہوگا؛ اور	بین الاقوامی مارکیٹس میں توسیع اور برآمدات میں اضافے کی ذمہ داری ا) بورڈ کی بین الاقوامی حکمت عملی کو نافذ کرنا ب) جدت، نئی مصنوعات میں اضافہ، مارکیٹ کے لیے تنظیم نو کا طریقہ کار ج) نئی جغرافیائی مارکیٹس میں شامل ہونا د) بیرون ملک مارکیٹ اور فروخت کی حکمت عملی ہ) بین الاقوامی برانڈ کی تعمیر
v) اس طرح کے دفتر (آفس) کو زیر استعمال رکھنے کا دورانیہ	اگلے انتخابات تک
vi) فطری طور پر اس میں دلچسپی رکھنے والے یا دلچسپی نہ رکھنے والے ڈائریکٹرز پر واسطہ یا بلاواسطہ کسی پر بھروسہ کرنے والے	جناب ایم علی مجید بذات خود اور ان کے والد جناب زاہد مجید اس معاملے میں ذاتی دلچسپی رکھتے ہیں

ویڈیو لنک میں شامل ہونے کے لیے تصدیقی سند ان ممبران / پراکسیز کو فراہم کیے جائیں گے جن کی ای میل بشمول درج بالا تمام ضروری تفصیلات کے ساتھ فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر 18 اکتوبر 2022، کاروباری دن کے اختتام سے قبل وصول ہوں گی۔

ممبران سالانہ اجلاس عام سے متعلق ایجنڈا کے حوالے سے اپنی آراء اور سوالات کو واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 اور ای میل ایڈریس cdcsr@cdcsrsl.com پر بھیج سکتے ہیں۔

2۔ بک کلوزر نوٹس:

کمپنی کی حصص ٹرانسفر بکس مورخہ 14 اکتوبر 2022 سے 20 اکتوبر 2022 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ 13 اکتوبر 2022 دفتری اوقات کے اختتام تک ہماری کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز CDC Share Registrar Services Limited، سی ڈی سی ہاؤس، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی، 74400 میں وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو حصص داران کے فائنل کیش ڈیویڈنڈ، اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے استحقاق کے تعین کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ پراکسی کی تقرری اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

a) ایک ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ کسی دوسرے فرد کو بطور پراکسی اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ پراکسی کے پاس رائے شماری کا مطالبہ کرنے اور مطالبے میں شریک ہونے اور رائے شماری میں ووٹ ڈالنے کا حق بھی موجود ہے۔

b) پراکسی مقرر کرنے کی دستاویز، بشمول پاور آف اٹارنی یا دیگر مجاز اتھارٹی جس کے تحت وہ دستخط شدہ ہو، کسی صاحب تصدیق سے تصدیق شدہ پاور یا اتھارٹی سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی 12/CL کلیئر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی، 75530 پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروادی جائے۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔ ممبر اور پراکسی کے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

c) فزیکل شیئرز کے مالکان اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے نام پر شیئرز رجسٹرڈ افراد اور / یا پراکسیز کو ذاتی طور پر اجلاس میں شرکت کے وقت شناختی مقاصد کے لیے اپنے مستند کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ فراہم کرنے ہوں گے۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی جس میں نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے موجود ہوں، اجلاس کے وقت پیش کیے جائیں گے، (بشرطیکہ وہ پہلے فراہم کر دیے گئے ہوں)۔

4۔ قابل معیار کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع کروانا

جن ممبرز نے تاحال فولیو نمبر کے ساتھ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول جمع نہیں کروائی ہیں، ان سے درخواست ہے کہ جلد از جلد انہیں براہ راست کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس بھیج دیں۔

5۔ ممبرز کے پتے میں تبدیلی

ممبر سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئرز رجسٹرار کو مطلع کر دیں۔

6۔ ای۔ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 242 کے تحت، ہر لسٹڈ کمپنی کو اگر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کرنی ہو تو وہ صرف ان کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست بذریعہ برقی طریقے ہی کی جائے گی۔ فزیکل شیئرز ہونے کی صورت میں ایسے تمام حصص داران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کی درکار معلومات کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پتے جو کہ اوپر درج ہے، پر بھیجیں، ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر دستیاب ہے اور ساتھ ہی کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ سی ڈی سی شیئرز ہولڈر ہونے کی صورت میں بھی یہی ہدایت کی جاتی ہے کہ تمام تر سی ڈی سی شراکت داروں کی متعلقہ معلومات اپڈیٹ کریں اور کمپنی کو بھیج دیں۔

7۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے تحت انکم ٹیکس کی کٹوتی

یکم جولائی 2022 سے نافذ العمل فنانس ایکٹ 2022 کے پیش نظر انکم ٹیکس آرڈیننس آرڈر 2022 کی شق 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح انکم ٹیکس گوشوارہ جمع نہ کرنے والوں کے لیے 30 فیصد ہے اور انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کرنے والوں کے لیے 15 فیصد ہے۔ گوشوارہ جمع کرنے والوں کی فہرست فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ہے۔ لہٰذا ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ انکم ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے اپنا اسٹیٹس 13 اکتوبر 2022 تک اپڈیٹ کر لیں۔

مزید، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، پرنسپل شیئرز ہولڈر اور جوائنٹ اکاؤنٹس ہونے کی صورت میں جوائنٹ ہولڈر(ز) کے لیے ان کے شیئرز کے مطابق انکم ٹیکس جمع کروانے / ادا کروانے کے لیے غیر جمع شدہ انکم ٹیکس کا تعین علیحدہ سے کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں تمام شیئرز ہولڈرز جن کے جوائنٹ شیئرز ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ پرنسپل شیئرز ہولڈر اور جوائنٹ شیئرز ہولڈر(ز) اپنا شیئرز ہولڈنگ پروپورشن ذیل میں دیے گئے طریقے کے مطابق تحریری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پاس موجود ان کے شیئرز کے مطابق فراہم کریں:

فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	ٹوٹل شیئرز کی تعداد	پرنسپل شیئرز ہولڈرز		جوائنٹ ہولڈر(ز)	
		نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئرز ہولڈنگ پروپورشن (شیئرز کی تعداد)	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئرز ہولڈنگ پروپورشن (شیئرز کی تعداد)

درکار معلومات ہمارے شیئرز رجسٹرار کو 13 اکتوبر 2022، کاروبار کے اختتام (شام 5 بجے) تک پہنچ جانا چاہیے بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ پرنسپل شیئرز ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کے شیئرز مساوی ہیں۔

CDC اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئرز ہولڈرز اور متعلقہ شرکاء کے پاس اپڈیٹڈ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ہونا ضروری ہے، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئرز ہولڈرز کو NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا شیئرز رجسٹرار کو بھیجنا ہوگی۔ شیئرز ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹس، جو بھی ہو، بھیجتے وقت شیئرز ہولڈرز کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر درج کریں گے۔

مندرجہ بالا متعین وقت کے اندر موصولہ معلومات پر کمپنی ڈیویڈنڈ کی رقم سے قابل اطلاق شرح کے مطابق ٹیکس کٹوتی کرے گی بشرطیکہ کمپنی کی طرف سے 20 اکتوبر 2022 کو اعلان کیا گیا ہو۔

وہ ممبرز جو انکم ٹیکس کٹوتی سے مستثنیٰ ہونا چاہتے ہیں یا انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی متعلقہ دفعات کے تحت کم تر شرح پر کٹوتی کروانا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ درست ٹیکس سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت، جو بھی ہو، 13 اکتوبر 2022 تک جمع کروا دیں۔

کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات کے لیے سرمایہ کار کمپنی اور / یا شیئرز رجسٹرار سے درج ذیل ای میل ایڈریسز پر رابطہ کر سکتے ہیں:

کمپنی: corporate.secretary@nfoods.com
شیئرز رجسٹرار: info@cdcsrsl.com

8۔ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ / شیئرز

ایسے حصص داران جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنے حصص / ڈیویڈنڈ کلیم نہیں کیے (اگر کوئی ہیں تو) ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پتے سی ڈی سی شیئرز رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، ہاؤس نمبر 99B، بلاک (بی) ایس، ایم، سی، ایچ، ایس مین شاہراہ فیصل، کراچی 74000 پر جا کر اپنے غیر دعویٰ شدہ حصص / ڈیویڈنڈ (اگر کوئی ہیں تو) جا کر حاصل کر سکتے ہیں یا معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔